# حیسکو پریس رلیز مورخہ 04.10. 2021

## حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر ریحان حمید کی ہدایت پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔

**اس سلسلے میں آج حیدرآباد کے علاقے لطیف آباد، کوہسار، صدر، گاڑی کھاتہ، پھلیلی، پریٹ آباد، حسین آباد، میر حسن و دیگر علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 300 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، جبکہ نادہندگان کے 100 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلیئے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔حیسکو ترجمان**

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایت پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔اس سلسلے میں آج حیدرآباد کے علاقے لطیف آباد، کوہسار، صدر، گاڑی کھاتہ، پھلیلی، پریٹ آباد، حسین آباد، میر حسن و دیگر علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 300 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، جبکہ نادہندگان کے 100 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایت پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔اس سلسلے میں آج آپریشن سرکل -I، حیدرآباد، آپریشن سرکل نوابشاہ، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 1400 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، جبکہ نادہندگان کے 1000 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیمانے پر کارروائیا کی جارہی ہیں واضح رہے کہ حیسکو چیف نے تمام حیسکو افسران کو بالخصوص سپرنٹینڈنگ انجینیرز تمام آپریشن سرکلز اور ایکسئین کو ہدایات دیں ہیں کہ تمام نادہندگان سے واجبات کی وصولی کو یقینی بنائیں بصورت دیگر نادہندگان کی بجلی منقطع کردیں اور واجبات کی %100 وصولی تک نادہندگان کے بجلی کنکشن مقطع رہنے دیں، انہوں نے کہا کہ ہر ماہ واجبات کی %100 فیصد وصولی ماہانہ بلنگ کی بنیاد پر کریں۔تاکہ واجبات کے حجم کو نیچے لایا جاسکے، حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرنا حیسکو کی ذمہ داری ہے مگر نادہندگی کی موجودہ صورتحال میں وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ترقیاتی کام نہیں کرائے جاسکتے، انہوں نے کہا میرا اولین مقصد حیسکو کی ترقی ہے اور میں تمام افسران پر واضح کرتا ہوں کہ وہ سب ایک ٹیم ہوکر محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنے فرائض بہتر طریقے سے سرانجام دیں، جو اچھا کام کرے گا وہ عزت پائے گا اور وہ میری ٹیم کا ممبر ہوگا، لیکن جس کی افسر کی کارکردگی خراب ہوگی تو اس کے خلاف سزا مروجہ قانون کے تحت تجویز کی جائے گی۔صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشتہ زبان۔

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔